نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاٹن ایکشن پلان 24-2023 پر عملدرآمد سے 3ارب ڈالرز زرمبادلہ کا حصول ممکن ہو سکے گا،سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور06 مئی2023: کاٹن ایکشن پلان 24-2023 پر عملدرآمد سے 3 ارب ڈالرز زرمبادلہ کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ کپاس کی زیادہ رقبہ پر کاشت ایک چیلنجنگ ٹاسک ہے جس کے حصول کیلئے ضلعی انتظامیہ، محکمہ زراعت و دیگر اسٹیک ہولڈرز ملکر کام کر رہے ہیں۔اس سلسلہ میں ڈویژنل، ضلعی، تحصیل اور یونین کونسل کی سطح پر جاری زرعی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ بھی کی جا رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کمشنر آفس ڈیرہ غازی خان میں کپاس کی کاشت سے متعلق منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن ڈاکٹر ناصر محمود بشیر، ڈپٹی کمشنرز ڈی جی خان ، لیہ، مظفر گڑھ اور راجن پور، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، ڈی جی خان ڈویژن سے محکمہ زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے ڈائریکٹرز و ڈپٹی ڈائریکٹرز سمیت ترقی پسند کاشتکاروں و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ امسال ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں 9 لاکھ 71 ہزار ایکڑ رقبہ کپاس کے زیر کاشت لایا جا رہا ہے جس کیلئے ضلعی انتظامیہ محکمہ زراعت کے فیلڈ عملہ کو مکمل سپورٹ فراہم کر رہی ہے تا کہ کپاس کی کاشت و پیداوار کے اہداف کے مطلوبہ نتائج حاصل کیے جا سکیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ انہار کپاس کی کاشت کے دوران نہری پانی کی دستیابی کو یقینی بنائے۔اس سلسلہ میں ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں نہری پانی کی بندش کو فی الفور ختم کیا جائے تا کہ کپاس کی بوائی بروقت مکمل کی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کا عملہ کاشتکاروں کو فنی رہنمائی و معاونت فیلڈ میں جا کر فراہم کرے اور تمام کاشتکاروں کا ڈیٹا مرتب کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ امسال حکومت پنجاب کی جانب سے کپاس کی بحالی کے تاریخی پیکج کے تحت متعدد عملی اقدامات کیے گئے ہیں جس سے کاشتکاروں کیلئے کپاس کی کاشت منافع بخش ثابت ہوگی۔امسال تحصیل کی سطح پر سہولت مراکز کا قیام اور کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے کپاس کے پیداواری مقابلوں 2023 کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے جس کے تحت نمایاں پیداوار لینے والے کاشتکاروں کو صوبائی و ضلعی سطح پر کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کپاس کی کاشت کے ڈیٹا کو ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے کاؤنٹر چیک کرنے کی ہدایت بھی کی۔انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز کی سربراہی میں کاٹن کمیٹیاں ضلعی سطح پر باقاعدگی سے ہفتہ وار میٹنگز منعقد کریں اور کپاس کی کاشت میں درپیش مسائل فوری حل کریں۔اس کے علاوہ کاٹن سیزن کے دوران فیلڈ سٹاف کی کمی پورا کرنے کیلئے ٹریننگ انسٹیٹیوٹس کے طالب علموں کو تعینات کیا جائے۔

☆☆☆☆